© rasailojaraid.com



گورنمنٹ نیشنل کالج کراچی اس سے پہلے بھی اپنے مجلہ علم و آگہی کی چند خصوصی اشاعتیں پیش کر چکا ہے۔ جو ارباب علم و ذوق میں بے حد مقبول ہوئی ہیں۔ "علم و آگہی" کے خاص نمبروں کی سب سے بڑی خوبی یہ ہوتی ہے کہ اس کے فاضل مرتبین موضوع کا حق ادا کر دیتے ہیں۔ زیر نظر خاص نمبر جو بانیٔ پاکستان کی حیات، افکار اور خدمات کے بارے میں ہے، جناب ڈاکٹر انصار زاہد، پروفیسر فصیح الدین صدیقی اور جناب ابو سلمان شاہجہان پوری نے مرتب کیا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ انہوں نے علم و ادب کے اس گلدستے کے لئے جو خوش رنگ اور سدا بہار پھول چنے ہیں، وہ ان کے حسن نظر اور خوش ذوقی کی دلیل ہیں۔ فاضل مرتبین نے اس نمبر کو ایسی خوبی سے مرتب کیا ہے کہ اسے کسی خاص رسالے کا خاص نمبر کہنا بھلا معلوم نہیں ہوتا کہ فی الحقیقت یہ ایک بلند پایہ کتاب بن گئی ہے۔ جو ہر اچھے کتب خانہ کی زینت بننے کے لائق ہے۔ اس میں بانیٔ پاکستان کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر پچاس کے قریب بلند پایہ مضامین ہیں جن کے لکھنے والوں میں مولانا غلام رسول مہر مرحوم، پروفیسر محمد ایوب قادری، پروفیسر رحیم بخش شاہین، پروفیسر سید امتیاز حسین، جناب ابو سلمان شاہجہان پوری، ڈاکٹر معین الدین عقیل، پروفیسر سید شفقت رضوی، جناب محمد دین کلیم اور کئی دوسرے صاحب نظر مقالہ نگار شامل ہیں۔

گورنمنٹ نیشنل کالج کراچی اور فاضل مرتبین اس خاص نمبر کی اشاعت پر بجا طور پر تحسین و ستائش اور مبارکباد کے مستحق ہیں۔

---

● بہت سے احباب کی مدت خریداری اس شمارے کے بعد ختم ہو جائے گی۔ بطور اطلاع ان کے نام آنے والے پرچے پر "آپ کا چندہ ختم ہے" کی مہر لگا دی گئی ہے۔ اپنا پرچہ چیک کر لیں اور نوٹ فرمالیں کہ اس اطلاع کے بعد، پندرہ دن کے اندر اندر، آئندہ خریداری جاری رکھنے کی صورت میں سالانہ زرِ تعاون بذریعہ منی آرڈر روانہ فرمادیں یا اگلے ماہ مارچ کا شمارہ) بذریعہ وی پی وصول کرنے کے لئے تیار رہیں ——— اور اخدانخواستہ آئندہ خریداری جاری نہ رکھنے کی صورت میں دفتر کو اطلاع دیں کہ وی پی روانہ نہ کیا جائے۔ ورنہ بعد میں کوئی معذرت قابلِ قبول نہ ہوگی، یاد رکھئے

وی۔پی۔پی واپس کرنا اخلاقی جرم ہے

● بعض اوقات تازہ پرچہ محفوظ رکھنے کی خاطر وی پی پیکٹ میں پرانا پرچہ ارسال کر دیا جاتا ہے، اور وی پی وصول ہونے کے فوراً بعد تازہ پرچہ عام ڈاک سے روانہ کر دیا جاتا ہے۔ لہٰذا اسے کسی بد دیانتی پر محمول نہ کیا جائے۔ والسلام!

(منیجر)

© rasailojaraid.com